DIRECTORATE OF EDUCATION GNCT OF DELHI

MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION 2025-26

CLASS - VII

SUBJECT - URDU - III

Time $2\frac{1}{2}$ Hrs MM: 60

1. اس سوال نامے میں کل 10 سوالات ہیں
2. سبھی سوالات لازمی ہیں
3. جواب تحریر کرتے وقت اُس کے سوال کا نمبر ضرور درج کریں۔
4. جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

سوال -1- درج ذیل نثری درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5X1=5

باغ میں پھولوں کے اوپر اُڑتی ہوئی خوبصورت تتلی سب نے ضرور دیکھی ہوگی لیکن تتلی کی عمر بہت کم ہوتی ہے۔ یہ حسین پھولوں پر اُڑتی ہے اور اُن کا رس پی کر زندہ رہتی ہے تتلی کو اُڑنے کے لیے قدرت نے چار پر دیے ہیں۔ تتلی کے پر بہت کمزور ہوتے ہیں۔ تتلی اپنے نازک پیروں سے پھولوں پر اُترنے کا کام لیتی ہے۔ پھولوں کا رس چوسنے کے لیے تتلی اپنی لمبی سونڈ کا استعمال کرتی ہے تتلیاں دھوپ کی گرمی میں اُڑنا پسند کرتی ہے۔ لیکن جاڑے کا موسم اُن کا سخت دشمن ہے۔

(i) تتلی کس کے اوپر اُڑتی ہے؟

(A) کانٹے (B) پھول (C) پھل (D) پتیاں

(ii) پھولوں کا رس پی کر کون زندہ رہتی ہے؟

(A) مکڑی (B) مکھی (C) تتلی (D) چڑیا

(iii) تتلی پھولوں کا رس پینے کے لئے کیا استعمال کرتی ہے؟

(A) سونڈ (B) ناک (C) کان (D) زبان

(iv) کون سا موسم تتلیوں کا سخت دشمن ہے؟

(A) بہار کا (B) گرمی کا (C) برسات کا (D) جاڑے کا

(v) تتلی کو اڑنے کے لئے قدرت نے کیا دیے ہیں؟

(A) پر (B) آنکھیں (C) پیر (D) ہاتھ

سوال ۲۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے 5X1=5

آم جو کھائے وہ للچائے
جو نہ کھائے وہ پچھتائے

بھینی بھینی خوشبو آئے
جو سب کے ہی من کو بھائے

سونے جیسی رنگت ان کی
ڈال ڈال سنگت ان کی

خوشبو اس کی بھینی بھینی
میٹھا کہ ہے میٹھی چینی

خود کھائیں اوروں کو کھلائیں
کھانے سے جی نہ بھر پائے

(i) آم نہ کھانے پر انسان کو کیسا لگتا ہے؟

(A) خوش (B) اداس (C) پچھتاتا (D) بیزار

(ii) سونے جیسی رنگت کس کی ہوتی ہے؟

(A) انناس (B) آم (C) شریفہ (D) خربوزہ

(iii) آم سے کیسی خوشبو آتی ہے ؟

(A) بھینی بھینی (B) بھبکی (C) کڑوی (D) کسیلی

(iv) خالی جگہ بھریے۔ کھانے سے جی نہ ـــــــ پائے

(A) خالی (B) بھر (C) دل (D) دماغ

(v) ٹماٹر کیسا ہوتا ہے ؟

(A) کڑوا (B) ہرا (C) کھٹا (D) میٹھا

سوال 3- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5X1=5

ایک غریب مسافر اپنے گاؤں سے چلا۔ شہر میں پہنچا چلتے چلتے اس کی نظر ایک مسجد پر پڑی۔ دیکھا کہ ایک شخص جو کی سوکھی روٹی پانی میں بھگو بھگو کر کھا رہا ہے۔ مسافر بہت دیر تک غور سے دیکھتا رہا اور سوچتا رہا کہ کس اطمینان، سکون اور خوشی سے وہ سوکھی روٹی بھگو کر کھا رہا ہے۔" غریب مسافر یہ منظر دیکھ کر اور بھی پریشان ہوا کہ یہاں تو حالت اور بھی خستہ ہے۔ اس سے یہی کہا گیا تھا کہ شہر جاؤ، خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہو۔ اپنی پریشانی اور مصیبت کا حال بیان کرو۔

(i) غریب مسافر کہاں سے چلا ؟

(A) شہر سے (B) گاؤں سے (C) قصبہ سے (D) بازار سے

(ii) مسافر کی نظر کس پر پڑی ؟

(A) مسجد پر (B) مندر پر (C) چرچ پر (D) گرودوارے پر

(iii) ایک شخص کس چیز کی روٹی کھا رہا تھا؟

(A) گیہوں کی (B) چنے کی (C) جو کی (D) باجرے کی

(iv) درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) اپنا کام خود کرو (B) سادگی (C) چاندنی بی (D) کوئین

(v) "خستہ" کے معنی بتائیے؟

(A) نظارہ (B) سکون (C) خراب (D) بے چین

سوال 4۔ درج ذیل درسی شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5X1=5

چینی ہو جاپانی ہو
روسی ہو ایرانی ہو
باشندہ ہو لنکا کا
یا وہ ہندوستانی ہو

سب کا مان برابر ہے
ہر انسان برابر ہے

انور ہو، اربند و ہو
مریم ہو یا اندو ہو
مسلم ہو یا عیسائی
وہ سکھ ہو یا ہندو ہو
سب کا مان برابر ہے
ہر انسان برابر ہے

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) ہر انسان برابر ہے (B) قلم (C) بسنت (D) میرا ہندوستان وطن

(ii) چین میں رہنے والوں کو کیا بولتے ہیں؟

(A) روسی (B) جاپانی (C) چینی (D) ایرانی

(iii) درج بالا شعری اقتباس میں کتنے ملکوں کے باشندوں کا ذکر ہے؟

(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) چھے

(iv) "مان" کے معنی بتائیے؟

(A) برابر (B) بڑی شان والا (C) عزت (D) چوکیدار

(v) درج بالا شعری اقتباس میں شاعر نے کتنے مذہبوں کا ذکر کیا ہے؟

(A) آٹھ (B) چار (C) تین (D) دو

سوال 5 - نیچے دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 1X5=5

(i) کسی سفر کے حالات (ii) یوم آزادی (iii) یوم اساتذہ

سوال 6۔ اپنے پرنسپل کے نام دو دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 1X5=5

یا

اپنے بھائی کے نام خط لکھیے اور اسے محنت سے پڑھائی کرنے کا مشورہ دیجیے۔

سوال 7 دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجیے 5X2=10

(i) درج ذیل میں سے صرف چار الفاظ کے متضاد بتائیے۔

دن، زمین، بدصورت، بڑا، لڑکا

(ii) نیچے دیے ہوئے الفاظ میں سے صرف چار میں سے صفت کو الگ کر کے لکھیے۔

خوبصورت شہر، عالی شان مسجد، خستہ حالت، سہانا منظر، مایوس مسافر

(iii) نیچے دیے ہوئے لفظوں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

استاد، کاپی، کتاب، قلم

(iv) وہ فعل جس سے موجودہ زمانے میں کام جاری رہنے کا علم ہوتا ہے اُسے فعل ______ کہتے ہیں۔ (ماضی / حال)

(v) مثال کے مطابق لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

انسان - انسانوں

ملک، افسر، پھول، پہاڑ

سوال 8۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے 3X3=9

(i) چڑیا نے اپنے بچوں کو کس طرح سمجھایا؟

(ii) عام طور پر سڑکیں سیاہ کیوں دکھائی دیتی ہیں؟

(iii) چاند بی بی کون کون سی زبانیں جانتی تھی ؟

(iv) کوشین کی گوٹیاں کس کام آتی ہیں ؟

سوال ۹۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے ۔ 3X2=6

(i) سرسوں کے پھول ہر طرف کیوں کھلے ہوئے ہیں ؟

(ii) تعلیم کے رتبہ کو کم کیوں نہیں سمجھنا چاہیے ؟

(iii) بسنت کس موسم کے بعد آتا ہے ؟

(iv) " سب کا مان برابر ہے
ہر انسان برابر ہے " سے کیا مراد ہے ؟

سوال ۱۰ ۔ بریکیٹ میں دیے گئے صحیح لفظ کی مدد سے جملہ مکمل کیجیے ۔ 5X1=5

(1) کیا آپ ______ چاند بی بی کا نام سنا ہے ؟ (نے / نے / کو)

(2) اُس کے والد احمد نگر ______ بادشاہ تھے۔ (کا / کی / کے)

(3) چاند بی بی نے عربی فارسی کی ______ تعلیم حاصل کرلی (اچھی / اچھے)

(4) دونوں بہنیں خوشی رہنے ______ (لگی / لگے / لگا)

(5) اسے اکبر کی بھیجی ہوئی فوج سے مقابلہ بھی ______ پڑا
(کرنا / کرنی / کرنے)